https://www.upboardonline.com

मुद्रित पृष्ठों की संख्या : 11

अनुक्रमांक

नाम

904 **804**

**2019**

**उर्दू**

समय : तीन घण्टे 15 मिनट ] [ पूर्णांक : 70

नोट : प्रारम्भ के 15 मिनट परीक्षार्थियों को प्रश्नपत्र पढ़ने के लिए निर्धारित हैं।

(حصہ اول)

1. (الف) مندرجہ ذیل میں سے دو کی تعریف لکھیے اور مثالیں بھی پیش کیجیے: 4

(i) اسم نکرہ (ii) صفت عددی

(iii) ضمیر اشارہ (iv) فعل معروف

یا

اسم کی تعریف لکھیے اور اس کی قسمیں تحریر کیجیے۔



https://www.upboardonline.com

https://www.upboardonline.com



(ب) مندرجہ ذیل الفاظ میں سے صرف چار کی جمع بنایئے: 2

(i) خاتون (ii) خبر

(iii) وصف (iv) مدرسہ

(v) مسجد (vi) امیر

یا

مندرجہ ذیل میں سے چار کا انتخاب کر کے بتایئے کہ یہ مذکر ہیں یا مؤنث ؟

(i) پہاڑ (ii) دریا

(iii) تالاب (iv) کشتی

(v) موج (vi) ندی

2. مندرجہ ذیل اصناف ادب میں سے صرف دو پر مختصر نوٹ لکھیے: 7

(الف) مرثیہ (ب) مختصر افسانہ

(ج) ناول (د) غزل۔



https://www.upboardonline.com

3. مندرجہ ذیل میں سے دو کی تعریف لکھیے اور مثالیں بھی دیجیے : 5

(i) تلمیح

(ii) صنعت مبالغہ

(iii) استعارہ

(iv) مراۃ النظیر

4. مندرجہ ذیل محاوروں اور کہاوتوں میں سے صرف **پانچ** کو اپنے جملوں میں اس طرح استعمال کیجیے کہ اُن کا مفہوم واضح ہو جائے : 5

( i ) ایک جان دو قالب ہونا

( ii ) باغ باغ ہونا

( iii ) پانچوں انگلیاں گھی میں ہونا

( iv ) ہتھیلی پر سرسوں جمانا

( v ) دانت کھٹے کرنا

( vi ) چراغ تلے اندھیرا





( vii ) کوئلے کی دلالی میں ہاتھ کالا

( viii ) ہماری بلی ہمیں سے میاؤں

( ix ) یہ منہ اور مسور کی دال

( x ) نو دو گیارہ ہونا

5. مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے : 6

( i ) سائنس کی برکتیں

( ii ) یوم آزادی

( iii ) تندرستی ہزار نعمت ہے

( iv ) کسی شہر کی سیاحت

6. مندرجہ ذیل عبارت کا خلاصہ اپنے الفاظ میں تحریر کیجیے : 6

''بیل گاڑی نے اُن کے سفر کو نہ صرف آسان بنا دیا تھا بلکہ اُسے رفتار بھی مل گئی تھی۔ اگلے دن کا سفر واقعی انہوں نے پیدل کے مقابلے دو گنا کیا تھا۔ ابھی دو دن کا سفر اور باقی تھا۔ اجنبی تاجر نے واقعی ان پر احسان کیا تھا۔ اس

https://www.upboardonline.com



ویران جنگل میں خلاف توقع بیل گاڑی کا اس طرح مل جانا دیوتاؤں کا وردان ہی تھا۔ انہیں اب سفر آسان لگنے لگا تھا۔ اگلی رات انہوں نے گھنڈئی نام کی بستی میں گزاری۔"

(حصہ دوم)

7. مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کا مطلب ضروری حوالوں کے ساتھ لکھیے۔ سیاق وسباق کے لیے تین نمبر متعین ہیں۔ 10

(الف)

"دونوں ماں بیٹیاں چیخیں مار مار کے رونے لگیں۔ ہچکیاں بندھ گئیں۔ آخر دو عورتوں نے آ کے چھڑایا۔ اس کے بعد میں نے اپنے سارا قصہ دہرایا۔ میری ماں بیٹھی سنا کی اور رویا کی۔ باقی رات ہم دونوں وہیں بیٹھے رہے۔ صبح ہوتے میں رخصت ہوئی۔ ماں نے چلتے وقت جس حسرت بھری نگاہ سے مجھے دیکھا تھا، وہ نگاہ مرتے دم تک نہ بھولے گی مگر مجبوری۔ روز روشن نہ ہونے پایا تھا کہ سوار ہو کر اپنے کمرے میں چلی آئی تھی۔ دوسرا مجرا صبح کو ہوتا مگر میں گھر پر



https://www.upboardonline.com

https://www.upboardonline.com



آ کے کل روپیہ مجرے کا واپس دیا اور بیماری کا بہانہ کہلا بھیجا۔ دولھا کے باپ نے آدھا روپیہ پھیر دیا۔ اُس دن، دن بھر جو میرا حال رہا خدا پر ہی خوب روشن ہے۔"

(ب)

"وہ حضرت بھی معلوم ہوتا ہے بھوکے بیٹھے تھے، دوسرے دن اٹھتے ہی انہوں نے ہمارے دروازے پر گولہ باری شروع کر دی۔ کچھ دیر تو ہم سمجھے کہ خواب ہے، ابھی سے کیا فکر کرنا، جب جاگیں گے لاحول پڑھ لیں گے۔ لیکن گولہ باری لحظہ لحظہ تیز ہوتی گئی اور صاحب، جب کمرے کی چوبی دیواریں لرزنے لگیں، صراحی پر رکھا گلاس جل ترنگ کی طرح بجنے لگا اور دیوار پر لٹکا ہوا کیلنڈر پنڈولم کی طرح ہلنے لگا تو بیداری کا قائل ہونا ہی پڑا۔ مگر اب دروازہ ہے کہ لگاتار کھٹ کھٹایا جا رہا ہے۔ میں کیا میرے آباواجداد کی روحیں اور میری قسمت خوابیدہ بھی جاگ اٹھی ہو گی۔"



https://www.upboardonline.com

https://www.upboardonline.com



8. مندرجہ ذیل میں سے کسی **ایک** کے حالات زندگی تحریر کیجیے : 4

(الف) مولوی عبدالحق

(ب) الطاف حسین حالی

(ج) مرزا ہادی رسوا

(د) احتشام حسین

9. مندرجہ ذیل اشعار میں سے صرف **چار** کی تشریح کیجیے : 8

(i) ہے جستجو کہ خوب سے ہے خوب تر کہاں
اب ٹھہرتی ہے دیکھیے جا کر نظر کہاں

(ii) گئے دن کہ تنہا تھا میں انجمن میں
یہاں اب مرے رازداں اور بھی ہیں

(iii) دیکھو تو چشم یار کی جادو نگاہیاں
بے ہوش اک نظر میں ہوئی انجمن تمام



https://www.upboardonline.com

https://www.upboardonline.com



(iv) وہ شوخیوں سے جلوہ دکھا کر تو چل دیے
ان کی خبر کو جاؤں کہ اپنی خبر کو میں

(v) مختصر قصہ غم یہ ہے کہ دل رکھتا ہوں
راز کونین خلاصہ ہے اس افسانے کا

(vi) کار زمانہ جتنا جتنا
بنتا جائے بگڑتا جائے

10. مندرجہ ذیل میں سے کسی **ایک** کی تشریح ضروری حوالوں کے ساتھ کیجیے : 4

(الف)

چھوٹے ہوئے اس باغ کو گزرا ہے زمانا
تازہ ہے مگر اُس کی محبت کا فسانا
عالم نے شرف جن کی بزرگی کا ہے مانا
اٹھے تھے اسی خاک سے وہ عالم و دانا
تن جن کا ہے پیوند اس پاک زمیں کا
رگ رگ میں ہماری ہے رواں خون انہیں کا



https://www.upboardonline.com

https://www.upboardonline.com



(ب)

مگر خدا کو جو منظور تھا وہ ہو کے رہا
اجل نے بیٹے سے محبوب باپ چھین لیا
خبر یہ پھیل گئی دور پاس پل بھر میں
ہر ایک روتا ہے زار و قطار سن سن کر
پسر کے بین کا دل پر اثر شدید ہوا
وہ سینہ پیٹ کے کہتا تھا بار بار، پدر

11. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کی تشریح ضروری حوالوں کے ساتھ کیجئے۔

5

(الف)

گر عید کا مسجد میں پڑھیں جا کے دوگانہ
نیت قطعۂ تہنیت خان زماں ہے
ملائی اگر کیجئے تو ملا کی ہے یہ قدر
ہوں دو روپے اس کے جو کوئی مثنوی خواں ہے



https://www.upboardonline.com

https://www.upboardonline.com



اور ماحضر اخوند کا اب کیا میں بتاؤں
اک کاسہ دالِ عدس وجو کی دو نان ہے

(ب)

دھار ایسی کہ رواں ہوتا ہے دھارا جیسے
گھاٹ وہ گھاٹ کہ دریا کا کنارا جیسے
چمک ایسی کہ حسینوں کا اشارا جیسے
روشنی وہ کہ گرے ٹوٹ کے تارا جیسے
کوندنا برق کا شمشیر کی ضو میں دیکھا
کبھی ایسا تو نہ دم خم مہ نو میں دیکھا



https://www.upboardonline.com

https://www.upboardonline.com



12. مندرجہ ذیل شعراء میں سے کسی ایک کے حالات زندگی تحریر کریں: 4

(i) میر انیس

(ii) فانی بدایونی

(iii) نظیر اکبرآبادی

(iv) چکبست

---

**804 - 1,30,000**

**https://www.upboardonline.com**
**Whatsapp @ 9300930012**
**Send your old paper & get 10/-**
**अपने पुराने पेपर्स भेजे और 10 रुपये पायें,**
**Paytm or Google Pay से**

L5555

https://www.upboardonline.com